سبق - ۱۵

# عید

سوال ۱: مشکل الفاظ لکھیے۔

(۱) عید

(۲) رمضان

(۳) مہینے

(۴) دعا

(۵) خالہ

(۶) سوئیاں

(۷) نماز

(۸) مبارک

(۹) روزوں

(۱۰) تہوار

سوال ۲: سوال - جواب

(۱) عید کا تہوار کب منایا جاتا ہے۔؟

جواب۔ رمضان کے تیس روزے پورے ہونے کے بعد عید کا تہوار منایا جاتا ہے۔

(۲) عید کی نماز پڑھنے کہاں جاتے ہیں ۔؟
جواب۔ عید کی نماز پڑھنے عیدگاہ جاتے ہیں ۔
(۳) عید پر کیا خاص چیز بنتی ہے ۔؟
جواب۔ عید پر خاص چیز سوئیاں بنتی ہے ۔
(۴) عید کیا لے کر آتی ہے ۔؟
جواب۔ عید خوشیاں لے کر آتی ہے ۔؟
(۵) ابّو اور دادا جان بچّوں کو کیا دیتے ہیں ۔؟
جواب۔ ابّو جان اور دادا جان بچّوں کو عیدی دیتے ہیں ۔

عید گاہ، تہوار، چاند، عیدی

(1) کل عید کا چاند نظر آئے گا۔

(2) عید کی نماز کے لیے لوگ عید گاہ جاتے ہیں۔

(3) دادا جان نے بچّوں کو عیدی بانٹی۔

(4) سب مِل جُل کر تہوار مناتے ہیں۔

## (3) غلط جملوں کے سامنے (×) اور صحیح کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں۔

(1) جب رمضان کے روزے پورے ہو جائیں گے تو عید کا چاند دکھائی دے گا۔ (✓)

(2) امّی میرے دوست عید پر سویّاں کھائیں گے۔ (✓)

(3) عید کی نماز گھر پر پڑھی جاتی ہے۔ (×)

(4) دادا ابّا نے بچّوں کو عیدی نہیں دی۔ (×)

## (4) حروف ملا کر لفظ بنائیے:

(1) ن + م + ا + ز = نماز

(2) چ + ا + ن + د = چاند

(3) ع + ی + د = عید

(4) ر + م + ض + ا + ن = رمضان

**عملی کام:** ☆ عید کارڈ بنائیے اور اس پر عید مبارک لکھیے۔



# گمشدہ نقطے

## نقطے لگائیے:

کل عید کا تہوار ہے۔ ہر طرف خوشی ہی خوشی ہے۔ یہ نہوار رمضان کے مہینے بھر کے روزوں کے بعد آتا ہے۔ آخری روزے کے دن ننام کو عبد کا چاند دکھائی دیتا ہے۔ اگلے دن عبد منائی جاتی ہے۔

اس عبد کو عبدالفطر کہتے ہیں۔